© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی ——— طنز و مزاح

# زبان میری ہے بات انکی

☆ چور، لٹیرا، ڈاکو کے الفاظ غیر پارلیمانی نہیں ہیں۔ (سپیکر یوسف رضا گیلانی)

☆ ماں بہن کی گالی نہیں دی گئی۔ (اقبال حیدر)

رند نے کل شب "عبوساً قمطریرا" سے کہا
اپنی عزت گالیاں دے کر بڑھا سکتے ہو تم

☆ صدر لغاری نے نشانہ بازی پر چوالیس لاکھ روپے خرچ کئے، خاتون اوّل تیس لاکھ میں ایوانِ صدر سجائیں گی۔ (تسنیم نواز گردیزی)

☆ بے نظیر نے نیپال سے بلاول ہاؤس کے لئے ساڑھے تین کروڑ روپے کا فرنیچر خریدا۔ (ایک خبر)
غریب ملک کے غریب حکمرانوں کے اللے تللے غریب عوام کی کھال اتار کر بجٹ کے ذریعے پورے کئے جائیں گے۔

وٹو نے بھی نواز شریف سے پلاٹ لئے۔ (شجاعت)

میر کیا سادہ ہیں بیمار ہوئے جس کے سبب
اسی عطار کے لونڈے سے دوا لیتے ہیں

☆ جناب سپیکر! میں ایک عورت ہوں۔ مجھ پر جھوٹے الزامات لگا کر میری کردار کشی کی گئی ہے۔ (بے نظیر)

کہا ہم اونٹ پر بیٹھیں، کہا تم اونٹ پر بیٹھو
کہا کوہان کا ڈر ہے، کہا کوہان تو ہوگا

☆ بدعنوانی کرنے والے کسی بھی وی آئی پی کو معاف نہیں کیا جائے گا۔ (ریاض فتیانہ)
کونسا وی آئی پی بدعنوان نہیں ہے؟

☆ بے نظیر موٹروے بند کر کے باپ کا مزار بنانا چاہتی ہے۔ (نواز شریف)
اقتدار سے محرومی کے بعد "رزق حلال" کھائیں گی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ خاتون کی حکمرانی کے ذکر پر اعظم طارق نے ڈائس پر زور سے مکا مارا اور گھڑی ٹوٹ گئی۔ (ایک خبر)
اناللہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ بخشے بڑی خوبیوں والی گھڑی تھی۔

☆ فاروق لغاری جیسا صدر قوم کی بڑی خوش قسمتی ہے۔ (پی پی پی)
تسبیح بردار وزیر اعظم، تہجد گزار صدر...... واہ رے قوم کے مقدر!

☆ بہبودِ آبادی کے پروگرام پر مولویوں کی زبان پیسے سے بند کی جاسکتی ہے۔ (حنیف رامے)
ذوالفقار علی بھٹو نے آپ کے دونوں منہ کس شئے سے بند کئے تھے؟

☆ صدر کے خلاف نواز شریف کی پیش کردہ دستاویزات اصل لیکن الزامات غلط ہیں۔ (بینک ذرائع)
موئی نئیں، آکڑی ہئی اے!

☆ "بی بی" وعدہ پورا کرے "میاں" استعفے پورے کرے گا (نواز کھوکھر)
میاں، بی بی کی بات ہے بابا!

☆ پاکستانی خواتین کے بین الاقوامی کھیلوں میں حصہ لینے پر پابندی ختم۔ (بے نظیر)
موجاں ای ہوگیاں نے۔ کھلے ای کھاؤ تے ننگے ای نہاؤ!

☆ وزیر خزانہ مخدوم شہاب الدین نے بجٹ تقریر میں کوئی دس دفعہ مُختص کو مختص کہا۔ (ایک خبر)
تعلیم دے بڑ پاٹے پتے نے

☆ ہیروئن کا بڑا سمگلر گرفتاری کے ۲۷ گھنٹے بعد رہا (ایک خبر)
شاباش ٹک مکا!

☆ وزیر داخلہ نصیر اللہ بابر نے بیت المال سے ایک کروڑ روپے حاصل کئے۔ (ایک خبر)
کسی بیہودہ ایم این اے اور یتیم وزیر کی مدد کیلئے حاصل کئے ہوں گے۔

☆ بے نظیر تسبیح پھیرتی ہوئی ایوان میں داخل ہوئیں (ایک خبر)
کرسی کرسی، کرسی کرسی، کرسی کرسی، ..............!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ امام حسینؓ جمہوریت کے علمبر دار تھے۔ (مرزا اعجاز بیگ)
عوام کی اکثریت تو یزید کے ساتھ تھی..........؟

☆ جمہوریت اور آزادی کی ہوائیں کربلا میں بہنے والے خون کے صدقے چل رہی ہیں۔ (بے نظیر)
تمہارے منہ میں کربلا گاہے شاہ کی خاک! کہاں خونِ کربلا اور کہاں یہ متعفن ہوائیں!

☆ پولیس میں دیانتدار اور ذمہ دار افسروں کی کمی نہیں (لاہور ہائیکورٹ)
صرف شرفاء کی کمی ہے۔

☆ پیپلز پارٹی کی قیادت اور مرتضیٰ میں کوئی اختلاف نہیں (نصرت بھٹو)
☆ ہمارے دکھ سانجھے ہیں، گورنر الطاف اور مجھ میں کوئی فرق نہیں (وٹو)
"دولت کے اس سائے تلے ہم ایک ہیں ہم ایک ہیں"

☆ دلہن نے رخصتی سے دو روز قبل دولہا کو عدالت میں طلب کر لیا (ایک خبر)
دو دن میں فیصلہ کر لو ورنہ تیسرے دن قاضی آرہا ہے!

☆ اقبال احمد خان کو اسلامی نظریاتی کونسل کا چیئرمین بنا دیا گیا (ایک خبر)
زاغوں کے تصرف میں عقابوں کا نشیمن

☆ وٹو امریکہ کے دورے کے بعد لاہور پہنچ گئے (ایک خبر)
لوٹ کے بدھو گھر کو آئے

☆ ملک میں کوئی عالم دین نہیں (عقیل ترابی)
بالکل ٹھیک! شیعہ کا علم دین سے کیا تعلق؟

☆ بے نظیر نواز شریف کی نشست پر بیٹھ کر گوہر ایوب سے باتیں کرتی رہیں۔ پینسل سے دونوں کان صاف کئے اور پھر دانتوں کو کھرچتی رہیں۔ (ایک خبر)
یہ کام تو نوابزادے وقت بیوٹی پارلر میں مفت ہو سکتے ہیں۔

☆ غوثِ اعظم نے طیارہ کے حادثہ میں ہمیں بچا کر لغاری اور گورنر الطاف کی سازش ناکام بنادی۔ (اختر رسول)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ کیا گزشتہ انتخابات میں غوث اعظم نے پیپلز پارٹی کے ساتھ مل کر مسلم لیگ کو شکست دی تھی؟.......
بک رہے ہو جنوں میں کیا کیا کچھ۔

☆ اپوزیشن استعفے دے۔ ضمنی انتخاب کرادوں گی۔ (بے نظیر)
مجھے نہ چھیڑو میں دل کی بات بتادوں گی

☆ قومی اسمبلی میں ارکان کا آپس مین گالیوں کا تبادلہ (ایک خبر)
ان کے اندر کی غلاظت ہے عیاں منہ سے بک رہے ہیں جو گالیاں

☆ پنجاب اسمبلی میں ارکان نے ایک دوسرے کو ننگی اور غلیظ گالیں دیں (ایک خبر)

بھول کر دیتی نہیں گالی شریفوں کی زباں
یہ کمینوں کی علامت ہے رذیلوں کا نشاں

☆ بٹ گرام ہڑتال...لوگوں کو نسوار تک نہیں ملی (ایک خبر)
شکر ہے نسوار بند ہونے سے کوئی موت واقع نہیں ہوئی۔

☆ پاکستان کی خوش قسمتی ہے کہ نواز شریف جیسا لیڈر پیدا ہوا۔
☆ وزراء، وزیر اعظم اور ان کا شوہر قومی دولت کی لوٹ کھسوٹ کے ریکارڈ قائم کر رہے ہیں۔ (ولی خان)
بھروپئے چمن کے نگہدار ہو گئے۔

*


## شیزان کی تمام مصنوعات کا بائیکاٹ کیجئے!

یاد رکھیئے! ہم مسلمان ہیں اور مرزائی کافر مرتد!
ہم اگر ان کی مصنوعات استعمال کریں گے تو وہ ہمارے سرمائے سے ہمارے خلاف اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لئے آسانیاں پائیں گے،
فیصلہ آپ نے کرنا ہے۔ بائیکاٹ یا ______؟


© rasailojaraid.com